© rasailojaraid.com



تبصرہ خصوصی شمارہ ''عشرہ مبشرہ نمبر'' پیش کر رہا ہے۔ اس میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان دس خوش نصیب صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا تعارف وخدمات کا تفصیلی ذکر ہے جن کو ایک ہی مجلس میں جنت کی بشارت سے نوازا گیا تھا۔

اس خاص نمبر میں ڈاکٹر محمد عاصم اعظمی، قاضی ابوالفضل حبیب الرحمٰن، ڈاکٹر حافظ محمد ثانی، ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن، ڈاکٹر شجاع الدین فاروقی، مولانا فیضان المصطفیٰ، مولانا منظر الاسلام ازہری، مولانا نفیس احمد مصباحی، مولانا محمد حنیف خان اور مولانا قطب الدین مصباحی کے رشحاتِ قلم شامل ہیں۔ شروع میں ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری نے ''شانِ عشرہ مبشرہ کے اوصاف و فضائل'' کی تلخیص پیش کی ہے۔ عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کی پاکیزہ سیرتوں اور عظیم الشان کارناموں سے باخبر ہونا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔ المدینہ نے اس خاص نمبر کے ذریعے آسان، سادہ اور عام فہم تحریروں کے ذریعے عام مسلمانوں کو نفع اٹھانے کا بہترین موقع فراہم کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس مبارک کاوش کو قبول فرمائے اور مسلمانوں کے لیے نافع بنائے۔ (آمین)

● **نام کتاب: تبصرے** **مصنف: ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن** **(مبصر: ابن سیف سنجرانی)**

**قیمت: درج نہیں** **ناشر: مسجد الفرقان، ملیر کینٹ بازار، کراچی**

بریگیڈیر (ر) ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن مشہور و معروف شخصیت ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ان کو بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ علم وادب کی دنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ تصنیف وتالیف کے میدان میں ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔

فاضل مصنف کی زیرِ تبصرہ کتاب ''تبصرے'' چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل میں اپنی کتب پر اہل علم وفضل کے تحریر کردہ مقدمات، پیش لفظ، تقاریظ اور مختلف اخبارات ورسائل میں شائع ہونے والے تبصروں کو درج کیا ہے۔

باب دوم: مصنف کے تحریر کردہ مقدمات، پیش لفظ، تقاریظ اور اخبارات و رسائل میں شائع ہونے والے تبصروں پر مشتمل ہے۔ باب سوم میں ڈاکٹر صاحب نے اپنی تصانیف پر لکھے ہوئے پیش لفظ اور چند مقدمات کو جمع کیا ہے جب کہ باب چہارم میں ماہنامہ ''انوار القرآن'' کراچی کے مدیر اعلیٰ کی حیثیت سے لکھے جانے والے چند اداریوں اور وفیات وغیرہ کو جمع کیا ہے۔

اہل علم اور کتاب دوست حضرات کے لیے بیش قیمت تحفہ ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اس کتاب کو قبولیت سے نوازیں۔ (آمین)

● **نام کتاب: اسوۂ رہبرِ عالم ﷺ** **مصنف: شیخ الحدیث مولانا زاہد الراشدی** **(مبصر: ابنِ سیف سنجرانی)**

**مرتب: ناصر الدین خان عامر** **ناشر: الشریعہ اکادمی** **ملنے کا پتہ: مکتبہ امام اہل سنت، جامع مسجد شیرانوالہ باغ، گوجرانوالہ (0306-6426001) —— مکتبہ حنفیہ، مسجد امن، جی ٹی روڈ، باغبان پورہ لاہور (0300-9496702)**

ممتاز عالم دین کالم نگار وتجزیہ نگار مولانا زاہد الراشدی کے ''سیرتِ طیبہ اور اُسوۂ حسنہ'' کے موضوع پر دیے گئے سیکڑوں علمی اور تاریخی خطبات ہیں جو کہ مختلف اخبارات وجرائد میں شائع ہوئے۔ ناصر الدین خان نے چند مطبوعہ مضامین کا انتخاب کتابی صورت میں مرتب کیا ہے۔ سرورِ کونین خاتم النبیین سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیّبہ کے مختلف پہلوؤں کو منفرد اور اچھوتے انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ مولانا زاہد الراشدی کے خطبات ومقالات بڑے جاندار، مؤثر اور ادبی ہیں۔ عوام وخواص، طلبہ واساتذہ کے استفادے کے لیے خاص تحفہ اور سیرتِ طیبہ کی سیکڑوں کتابوں کے مطالعے کا حاصل ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرتب کی اس کاوش کو قبول فرمائیں۔ (آمین)



© rasailojaraid.com